سوال

سفر میں نماز جمع کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض لوگ جب ریاض سے خرج کا سفر کرتے ہیں جواسی کلومیٹر کے قریب فاصلہ بنتا ہے تو وہ راستے میں نماز جمع کر کے پڑھتے ہیں کیاان کا یہ فعل صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں مسافر کواجازت ہے وہ نماز جمع کر کے بھی پڑھ سکتا ہے اور ہر نماز کواپنے وقت پر بھی لیکن مسافر جب اقامت اختیار کرے تو پھر ہر نماز کواس کے وقت پر ادا کرنا افضل ہے جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع کے موقع پر ہر نماز کو منیٰ میں اس کے وقت پر ادا فرماتے رہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص517

محدث فتویٰ